جناب جنید اشرف: شکریہ میڈم سپیکر۔ اس resolution میں بالکل ٹھیک بات کہی گئی ہے کہ ہمیں انڈیا کے ساتھ trade enhance کرنی چاہیے لیکن اس میں سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ جب بھی ہم انڈیا کے ساتھ trade کی بات کرتے ہیں تو انڈیا NTBs یعنی non-trade barriers کو بڑھا دیتا ہے۔ اس سے tariff دوسری طرف shift ہو جاتا ہے۔ اگر ہمیں trade کرنا ہی ہے انڈیا کے ساتھ تو ہمیں پھر ایک بہت ہی slow process کے ساتھ جانا پڑھے گا۔ آپ جب بھی کسی ملک کے ساتھ تجارت کرتے ہیں تو اس میں تین قسم کی lists ہوتی ہیں جن میں ایک sensitive list ہے، دوسری positive list ہے اور تیسری negative list ہوتی ہے۔ Sensitive list میں آپ شروع میں کچھ items رکھتے ہیں جن کی trade کرنی ہوتی ہے۔ Positive list میں وہ items ہوتے ہیں جو ہم بڑھاتے ہیں اور negative list میں صرف وہ items ہوتے ہیں جو ہم trade نہیں کر سکتے۔ اگر ہم نے انڈیا کے ساتھ trade کرنا ہے تو ہمیں چاہیے کہ ہم sensitive list سے شروع کریں اور پھر دیکھیں کہ benefit ہو رہا ہے یا نہیں۔ کیا وہ لوگ NTBs ہٹا رہے ہیں یا نہیں ہٹا رہے ہیں یا ہم نقصان میں جا رہے ہیں۔ شکریہ۔

ایک معزز رکن: میڈم سپیکر! میں ایک point clear کرنا چاہتا ہوں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی محترم۔

ایک معزز رکن: میڈم سپیکر! جنید صاحب نے بالکل صحیح بات کی ہے کہ جو دو lists ہیں یعنی ایک negative list اور دوسری positive list ہے، تو negative list میں basically 1209 items ہیں جو کہ un-tradable items ہیں جبکہ جو positive list میں 1956 tradable items ہیں۔ Issue یہ ہے کہ پچھلے سال دسمبر تک یہ chances تھے کہ پاکستان negative list مکمل طور پر نہیں لیکن تقریباً اس کو abolish کر دے گا لیکن انڈیا کے non-trade barriers کی وجہ سے وہ list ختم نہیں ہو سکی۔ لہٰذا ہم یہی توقع کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں اگر اس وقت دونوں ممالک کی طرف سے non-trade barriers ختم ہو جائیں اور یہ negative list ختم ہو جائے تو اس سے کافی فائدہ ہوگا۔ اگر at least کچھ نہیں کر سکتے تو کم از کم negative list میں سے pharmaceutical items کی trade allowکر دیں کیونکہ اس کی وجہ سے ہمیں third channel سے کافی مہنگی pharmaceutical products import کرنی پڑتی ہے اور دونوں ممالک کی عوام کو پریشانی ہو رہی ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم یاسر عباس صاحب۔

Mr. Yasir Abbas: Thank you Madam Speaker. Madam Speaker, I strongly endorse this resolution. I believe that,

کل بھی مانی شنکر صاحب جب آئے تھے تو ان سے بھی ہماری بات ہوئی تھی overall trade کے حوالے سے Pakistan's relations with India because India is an emerging power. There is no denying in that fact and اور at the same time Pakistan has huge potential to follow suit کہ پاکستان بھی اس چیز سے بہت فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ Full blown trade policy ہونی چاہیے اور ضرور ہونی چاہیے but it should be based on equality. یہ نہیں کہ پاکستان again چین کی طرف جائے۔ جس طرح چین اور پاکستان کے economic relations ہیں اور پاکستان ایک consumer society بنی ہوئی ہے اور پاکستان کی economy and industry تباہ ہو رہی ہے اور at the same time چین کے لیے یہ ایک مارکیٹ بن گیا ہے اور میں نہیں چاہتا کہ پاکستان بھی انڈیا کی اسی طرح ایک market بن جائے۔ ہمیں consumer societyنہیں بننا ہے۔ ہمیں trade based on equality چاہیے۔ اس کے کے لیے کیا کرنا ہوگا۔ اس کے لیے ہمیں ہی اقدامات اٹھانے ہیں۔ انڈیا سے کوئی expectations نہیں کرنی چاہیے۔ ہمیں industrial capacity, quality of exports کو بہتر کرنا چاہیے۔ ہمیں market کو diversify کرنی ضرورت ہے۔ ہم پچھلے کئی دہائیوں سے بس وہی textile and cotton پر ہی لگے ہوئے ہیں۔ ہمیں کچھ اور بھی دیکھنا چاہیے کیونکہ cotton and silk کی replacement چین بہترین طور پر دے رہا ہے۔ اس کے لیے پاکستان کو اپنی

to compete with India. کو حاصل کرنا پڑے گا industrial capacity and new markets innovative requirement کیونکہ آپ کی بھی ایک automobile industry ہے، آپ کی بھی ایک textile industry ہے، آپ کی بھی ایک mini-structural industry ہے اور انڈیا کی بھی اسی طرح کی industries ہیں تو مقابلہ تب ہوگا جب آپ standard of exports اچھے ہوں گے۔ ٹھیک ہے میں کہتا ہوں کہ پاکستان کو ضرور full blown trade policy with India اپنانی چاہیے because we need good relations with India to have a peaceful South Asia. اس لیے ہمیں چاہیے کہ نہ صرف ان کے ساتھ trade کریں بلکہ one to one dialogue and at the same time ہمارے diplomatic relations بھی ٹھیک ہونے چاہیں لیکن based on equality. Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم دانش صاحب۔

جناب محمد دانش رضا: شکریہ میڈم سپیکر۔ اس بات پر بڑی تفصیل میں discussion ہو چکی ہے۔ یاسر صاحب اور امین صاحب نے بڑے facts and figures کے ساتھ اس بات کو elaborate کیا ہے۔ میں صرف دو باتیں add کرنا چاہوں گا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ ہماری جتنی بھی trade ہو رہی ہے وہ through Dubai ہو رہی ہے۔ This amounts to three to ten billion dollars. The products go all the way to Dubai and then come back to Pakistan. اگر یہ Wagha-Attari border trade سے ہو تو یہ صرف ایک step کی دوری پر ہے۔ وہاں پر صرف اس چیز کی ضرورت ہے کہ وہاں پر ایک integrated check post لگانی ہے اور وہاں سے پھر easily trade ہو سکتی ہے۔

دوسری بات میں یہ add کرنا چاہوں گا کہ 2012 میں انڈیا اور پاکستان کے مابین کچھ agreements پر sign ہوئے تھے جو کہ customs operation mutual recognition of standard and grievances کو دور کرنے کے سلسلے میں تھے لیکن اسلام آباد کے کچھ issues تھے non-tariff barriers پر جس کی وجہ سے ان پر عمل درآمد نہیں ہوا اور اس کے علاوہ کچھ resistence تھی automobile and pharmaceutical companies کی طرف سے جس کی وجہ سے یہ چیز آگے نہیں بڑھ سکی۔

پھر میں recommendations میں یہ بات کرنا چاہوں گا کہ سب سے پہلے تو آپ واگہ اٹاری بارڈر پر ایک integrated check post بنائیں تاکہ یہ trade easily ہو سکے۔ آپ کے پاس ایک land route ہے تو آپ کو کیا ضرورت ہے کہ دور سے مال آئے اور three to ten billion dollars میں سے آپ کو کیا بچ رہا ہے، سارا تو دبئی کھا رہا ہے۔ بہتر ہے کہ یہ دونوں ممالک ایک دوسرا کا فائدہ کریں اور mutual فائدہ کریں اور ایک اچھا relation قائم کریں۔

میری دوسری recommendation یہ ہے کہ ہماری کچھ جو انتہائی potential products ہیں، جو tradable products ہیں وہ یا تو negative list میں ہیں یا پھر ان پر جو tariff ہے وہ SAFTA والا apply نہیں ہوا ہے۔ لہٰذا یا تو وہ SAFTA کے tariff پر ہو یا پھر اس کو negative list میں سے ہٹایا جائے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Now, I put the resolution to the House moved by Miss Hira Mumtaz and Mr. Amin Ismaili that this House is of the opinion that Pakistan should pursue a full-blown trade relaxation agreement with India. Clearing away obstacles such as elaborate customs procedures, difficult visa regimes and restrictions on foreign investment could boost trade to billions a year. It would further help foster growth in the two countries whose lack of openness to each other hinders economic advancement.

(The Motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The Resolution is adopted. Now, the session is adjourned until 11:30 am.

(The Session was then adjourned to meet again at 11:30 am)

[The House was reassembled after a break with Madam Deputy Speaker (Aseela Shamim Haq in the Chair]

Madam Deputy Speaker: We are going to continue where we left off. Item No.8. I have a feeling that the House perhaps feels that I don't deserve to be sitting in this Chair. I would request, if the Opposition Leader feels so, I want to ask you whether or not he thinks, I should resign, so I would request him to come and say what he feels to all of the House. Before you start, let me just say something. I just feel that جس طرح اجلاس کی proceedings پہلے چل رہی تھیں، اسی طرح چلنی چاہییں۔ Let us just settle the differences. I

get the feeling that perhaps some people in the House don't feel that I deserve to sitting here and I just want to ask whether or not the Leader of the Opposition feels that I should resign or not? Yes, Leader of the Opposition.

Mr. Kashif Ali (Leader of the Opposition): Thank you Madam Speaker.

میرے خیال میں آج ایک بہت اچھا positive step لیا ہے کہ آپ نے realize کیا کہ پچھلے تین دنوں سے جو اس ایوان میں ہو رہا تھا وہ آپ کے نام پر ہو رہا تھا یا کسی بھی طریقے سے ہو رہا تھا تو the realization on your part, I think, is a positive thing. اب جہاں تک resignation کی بات ہے، the point is not you resigning, the point is your role in continuing the democratic process and I think you have played it. اس میں جہاں تک میری بات ہے، ہم بھی پہلے دن سے یہی کہہ رہے تھے کہ process چلتا رہے مگر یہاں پر اب بات آ گئی تھی کہ principle stand کون لے رہا ہے۔ کون غلط کو غلط سمجھ رہا ہے اور کون غلط کو صحیح سمجھ رہا ہے اور اس میں آپ نے جو role play کیا ہے وہ positive play کیا کہ آپ نے کم سے کم یہ زحمت کی کہ ہم سے پوچھا کہ کیا میں آپ کا confidence enjoy نہیں کرتی تو میں آپ کو آج یقین دلانا چاہتا ہوں کہ آپ آج سے میرا confidence enjoy کریں گی۔ میڈم سپیکر! انگریزی میں وہ ہے جو قرآن میں فرمایا گیا ہے کہ the realization is virtue. اگر آپ دل میں realize کرتے ہیں کہ وہ عبادت ہے تو this realization that the House is getting disrupted on your name, I think, is a sort of a victory for everyone who feels that it is getting disrupted on your name. اور آپ نے جو realize کیا یہ ہمارے لیے بہت important ہے۔ جہاں تک democratic process کی بات ہے، میں پہلے دن سے کہتا رہا ہوں کہ ہم اس کو چلنے دیں گے، ہمیشہ چلنے دیتے ہیں مگر اس مرتبہ تھوڑی بات principles کی آ گئی تھی اور میں بھی معذرت چاہتا ہوں کہ اگر میرے end پر کچھ ایسا ہوا کہ اس نے جس طریقے سے House کی proceedings کو disrupt کیا، اس پر میں بھی معذرت چاہتا ہوں مگر کیونکہ ہر بندہ جنہوں نے ہمیں joint کیا، یہ گرین یا بلیو پارٹی کی بات نہیں تھی، یہ ان لوگوں کی بات تھی جنہوں نے سمجھا کہ آپ کو کچھ stand لینا چاہیے تھا اور اگر آج آپ نے realize کر لیا کہ مجھے stand لینا چاہیے اور آپ نے وہ stand لیا تو میں آپ کو assure کرتا ہوں کہ ہم سب اس سے خوش ہیں اور آج
on the 5th day of this batch you will be going as a Deputy Speaker of the 60 members sitting on this boat, not as a Deputy Speaker of the 60 people sitting here under whose supervision you continued the proceedings although it was not under the rules and regulations.

لیکن ہم آپ کو assure کرتے ہیں کہ آج سے آپ ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کیوں کہ یہ Blue یا Green party کی بات نہیں تھی، یہ بات principles کی تھی تو اب reconcile کرنے کے لیے differences ختم کرنا ہوں گے۔ اب اگر اور بھی کچھ لوگ بولنا چاہتے ہیں تو آپ ان کو بھی موقع دیں تاکہ ہم ایک اچھے positive note پر جائیں۔ میں پھر appreciate کروں گا کہ آپ نے جو positive note پر initiative لیا وہ کافی اچھا تھا۔ ہم نے بھی initiative لیا، ہم wait کر رہے تھے کہ ہم principles پر compromise نہیں کریں گے اگر کوئی اور initiative لینا چاہتا ہے تو وہ لے لے۔میں ان سب کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے join کیا اور آئے۔ آپ دیکھیں!اس بات سے غلط مطلب نہیں لینا چاہیے۔ اس میں کوئی politics نہیں ہوئی، یہ تو سیدھی سیدھی بات ہو رہی تھی کہ ہم ایک غلط چیز کو غلط سمجھ رہے ہیں، اگر کوئی بول دیتا ہے تو چاہے وہ غلط ہے یا صحیح ہے، ٹھیک ہے آپ اس demand کو غلط سمجھ رہے ہوں گے لیکن at least آپ نے یہ سمجھا کہ ستائیس بندے باہر کھڑے ہو رہے ہیں، وہ میجارٹی میں ہیں،وہ آپ کے نام پر کھڑے ہو رہے ہیں اور آپ نے اس چیز کو realize کیا کہ اگر وہ کہیں گے تو میں resign کر دوں گی۔ میرا خیال ہے کہ یہ ہماری achievement ہے اور اسی لیے ہم آپ کو ensure کرتے ہیں کہ you enjoy the confidence اور اب differences کو reconcile کرنے کے لیے آپ ایک positive note پر جائیں۔ میری یہ خواہش ہے کہ جب ہم جائیں تو اچھے note پر جائیں۔ اس پر Leader of the House بھی اس پر اپنا اظہار خیال کریں، مطیع اللہ اور انعم کو بھی بولنے کی اجازت دی جائے تاکہ ان کی بھی کچھ contribution ہو جائے اور سارے differences کو positive note پر reconcile ہونے کے لیے راستہ دیا جائے۔شکریہ۔

Madam Speaker: Thank you Mr. Kashif. The entire House really appreciates what you have done here and what you have said. Yes, Mohterim Leader of the House.

رانا فیصل حیات (قائد ایوان): شکریہ میڈم سپیکر۔ میرے خیال میں آج democracy کا بہت اہم دن ہے، اس ہاؤس کے لیے بھی بڑا خوش آئند دن ہے۔ آپ نے جو resignation کی offer دی ہے اس نے بھی اس ہاؤس کو اکٹھا کر دیا ہے۔ آپ نے بہت اچھی offer دی اور دوسرا Opposition Leader نے جو بڑے پن کا مظاہرہ کیا ہے اس کی وجہ سے بھی ہاؤس اکٹھا ہو گیا ہے، میں ان کا بھی شکر گزار ہوں۔ ماضی میں جو تلخیاں رہی ہیں، غلطیاں ہوتی رہی ہیں، ہماری طرف سے کوئی غلطی ہوئی ہے، میں ذاتی طور پر اس کے لیے سب سے

معافی چاہتا ہوں۔ ہمارے motif کا بھی end ہو رہا ہے اور آخری ڈیڑھ دن باقی ہے۔ میری بھی یہ خواہش کہ ہم اچھی یادیں لے کر، پچھلی تلخ یادوں کو بھلا کر اچھے نام اور notes لے کر یہاں سے جائیں اور ماضی میں جو بھی غلطیاں ہوتی رہی ہیں، وہ صحیح ہوتی رہی ہیں یا غلط اور سیاست کی نظر ہوتی رہی ہیں، جو بھی ہے، اب ہمیں آگے بڑھنا ہو گا اور میں اس ہاؤس سے بھی دوبارہ request کروں گا اور دوبارہ معذرت بھی کروں گا کہ ہم سب ایک ہو کر اچھے طریقے سے آگے چلیں۔
and I will once again thank the Leader of the Opposition for the good gesture. Thank you.

Madam Speaker: Does anyone wish to speak? Yes, Mohterim Mateeullah sahib.

جناب مطیع اللہ ترین: میڈم سپیکر! فارسی میں کہتے ہیں کہ 'دیر آید درست آید'۔ آپ کی resignation بے شک دیر سے آئی، ہم ڈیڑھ، دو، تین دن یا پورا سیشن اس پر برباد کر بیٹھے لیکن شاید یہ realization اور آپ کا یہ سوچنا اور سمجھنا کہ ہاؤس کا ٹائم برباد ہوا اور ہاؤس کے سامنے جو resolutions, Bills or policies آنی تھیں اس میں ہاؤس کا قیمتی ٹائم ضائع ہوا، اس پر آپ کی یہ realization ہم سب کے لیے کافی ہے and thank you so much for your realization, although it was late but was nice. آج آپ کی اس statement کے بعد ایک فرد، ایک گروپ، ایک اپوزیشن، ایک موومنٹ یا کسی چیز کی جیت نہیں ہوئی ہے، جیت democracy کی ہوئی ہے۔ آپ نے اس چیز کو democratically realize کیا ہے۔ شاید اس ہاؤس میں بیٹھے کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ ایک انا کی جنگ تھی، شاید کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ revenge کی جنگ تھی، شاید کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ personal gains کی جنگ تھی I assure everyone in this House that it was only and only a principle stand. ایک principle stand لیا گیاتھا اور اس principle stand لیا گیا تھا، اس principle stand پر ہم کھڑے تھے کہ جب democracy میں ایک majority کسی point پر کھڑی ہے اور اس کے پاس ایک charge sheet بھی ہے، کچھ reasons بھی ہیں، ان reasons کو democracy کے طریقے سے ہی address کیا جائے، نہ کہ ایک ایسے طریقے سے address کیا جائے کہ جس سے majority کو reservation بھی رہے، ہاؤس میں ایک clear cut majority کے تحت majority باہر بھی کھڑی رہے اور اس کے باوجود ہاؤس کی proceeding چلتی رہے۔ So, I really appreciate کہ محترمہ سپیکر صاحبہ! آپ نے اس چیز کو realize کیا اور ہاؤس کی جو ایک democratic proceeding تھی اس کو آگے بڑھنے دیا۔ I really appreciate ان تمام ممبران کو چاہے وہ اپوزیشن سے تھے اور بلیو پارٹی سے تھے، بلیو پارٹی میں بھی رہتے ہوئے انہوں نے principle stand لیا، انہوں نے democracy کا ساتھ دیا، انہوں نے جمہوریت کے اقدار کی value کا خیال رکھا اور ان values پر عمل کرتے ہوئے اپنے stand پر قائم رہے، اس وقت تک کہ سپیکر نے خود realize کیا کہ ایک majority باہر کھڑی ہے اور majority کی بات کو مان لینا چاہیے اور اپنی resignation offer کی and we really appreciate and respect you Madam Speaker. آپ کی speaker-ship اور آپ کی یہ post ہمارے لیے respectable ہے، آپ کی یہ realization ہی ہمارے لیے کافی ہے۔شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ محترم ہشام صاحب۔

جناب ہشام ملک: شکریہ میڈم سپیکر۔ مجھے اس بات پر بڑی خوشی ہوئی ہے کہ اپوزیشن لیڈر نے بڑے دل کا مظاہرہ کیا اور اپنا بڑا پن دکھا کر واپس ایوان میں بھی آئے اور میڈم سپیکر آپ کے resignation کی offer نے بھی ایوان کا ماحول تبدیل کر دیا ہے اور جو ماحول تین دنوں سے تھا وہ کم از کم ایک comfortable environment کی طرف develop ہو رہا ہے۔ اس میں سب سے بڑا role جس کا میں شکریہ ادا کرنا چاہوں گا وہ اپوزیشن لیڈر کا ہے، اس کے علاوہ بھی جن دوستوں کی grievances تھیں ان سب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ سب نے بڑے پن کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس طرح جمہوریت کے حسن کی ترجمانی کی کہ جمہوریت میں کسی بھی چیز کا deadlock نہیں ہوتا، ہمیشہ solution کی طرف بات جاتی ہے۔ یہ چیز پورا House proudly own کر سکتا ہے۔ شکریہ۔

Madam Speaker: Now we should move on to our agenda. I am really happy to have a full House again. Item No.8, Miss Hira Mumtaz sahiba, she would like to move a resolution.

Miss Hira Mumtaz: Thank you Madam Speaker. I move that:-

"This House is of the opinion that the Government of Pakistan should take controlled measures to save the country's forest industry in light of the recent increase in devastation largely in the northern areas reducing the land currently occupied by Forest in Pakistan to be an approximate of 2.5% declaring this to be the highest annual deforestation rate in Asia according to the worldwide fund for nature"

Now ladies and gentlemen; if the current deforestation rate which we all know is very high these days approximate of 2.1% and the trend of land conversion from forest to other uses is not checked. The country will not be able to meet its international commitment under the millennium development goals to increase its forest cover from 2.5% to 6% by 2015 and we all know that will lead us. Mam. More than 61

thousand hectors of forest land have been converted to non-forest used in the country since its inception, mostly being in the Indus delta mangroves, the beneficiaries' remains in the government departments, politicians and other influential people having closed contacts with respective governments.

Now ladies and gentlemen; we need to take urgent measures and these urgent measures need to be taken by relevant authorities to curb the negative trend of this forestation. So, what are the measures that we need to take. We need to conserve biological diversity. We need to protect the sustainable use of indigenous flora and fauna. We need to encourage public private partnerships to in hands forest cover and promote commercial forestry in the private sector. What else we need to do. We need to strengthen the forestry education and research institutions to cope up with this emerging challenge of deforestation and climate change. We need to create mass awareness and involve these local communities in sustainable natural resource mamangment. We need proper policy measures for the forest protection of land from transfer of forest; forest land to non-forest uses. We need proper policies to control encroachment for forest fire management, for regulation of land system. We need to bring additional land for under the tree covers sustainable livelihood through good governance and the regulation of forest development fund. We need to do all of this right now, so that we can cover the millennium development goals.

Madam Speaker: I have not received the names, so if anyone wants to speak, please raise your hand. Mohterm Yasir Abbas sahib. Before we begin I have a question for Mohterma Hira Mumtaz sahiba. Mohterma when you say the country's forest industry, what do you mean by that?

Miss Hira Mumtaz: The forest industry means what we gain from the industries; tember and goods all of these things.

Madam Speaker: But it is not causing deforestation frankly speaking.

Miss Hira Mumtaz: No exactly, there you need to save all of that because you need to set aside that there is a limit to this industry and there is a limit to what you can reap from this because this has a negative impact on the climate of Pakistan.

Madam Speaker: Thank you. Yes, Mohterim Yasir Abbas sahib.

Mr. Yasir Abbas: Thank you Madam Speaker. Madam Hira Mumtaz has pointed out a very important issue in Pakistan.

اس وقت پاکستان میں a series of deforestation in northern areas چل رہی ہے یعنی جہاں پر بھی ہمارے
جنگلات ہیں۔ I think it is an important کہ پاکستان میں جو floods وغیرہ ہوتا ہے یا موسمی خدوخال میں جو
تبدیلی آئی ہے وہ اس چیز کی وجہ سے بہت زیادہ ہی ہو رہی ہے اور پاکستان کا جو overall climate ہے that is
heading towards pollution ہم اسلام آباد کی مثال لے لیں کہ یہاں پر ایک ٹائم پر بہت زیادہ درخت تھے even
though it is still green but it was more than that. یہ بہت زیادہ green ہوا کرتا تھا اور green درخت وغیرہ
ہوتے تھے، جنگلات ہوتے تھے۔ اس سے جو overall environment تھی وہ as a nature, its level of oxygen
and at the same time the environmental conditional کو وہ بہت suit کرتا تھا۔ I believe that it is one of the
measures concern of 21 century, not only in Pakistan but the across glob as well, جہاں پر rapidly
forestation کی وجہ سے climatically paradigm that is completely changed. Northern areas میں ان کی مثالیں
ملتی ہیں جہاں پر جنگلات ہوتے تھے، ایک ٹائم پر دیامیر وغیرہ میں، وہاں پر increase deforestation کی وجہ
سے اس کا climatically temperature and the period of 50 years, it has been ایک ریسرچ کے مطابق جرمن
ایک انسٹیوٹ تھا، اس کے مطابق اس میں average 3 to 4% اس climatical condition میں change آئی ہے اور
plus وہاں کے جو flooding rate تھے، پہلے وہاں پر floods آتے تھے within an interval of five years and
within an interval of seven years اب یہ seasonal ہو گئے ہیں اور floods کا جو عمل ہے وہ شروع ہو جاتا ہے
it goes till September and even late in October as well, so اس میں ہمیں سوچنے کی بات ہے کہ ہمارا جو
agriculture sector ہے یا ہمارا جو deforestation کا عمل ہے اس کو stop ہونا چاہیے اور گورنمنٹ should
devise a mechanism and plus increase level of greenery کے لیے پاکستان بھر میں جو ایک سکیم انہوں نے
شروع بھی کی تھی کہ 1.5 million or something انہوں نے درخت لگانے کا ایک mechanism yearly بنانے کا
plan کیاتھا، ایسے steps لینے چاہیں اور پاکستان میں deforestation کے عمل کو روکنا چاہیے۔ شکریہ میڈم
سپیکر۔

میڈم سپیکر: محترم ہشام ملک صاحب۔

جناب ہشام ملک: شکریہ میڈم سپیکر۔ میڈم حرا ممتاز کی جو resolution ہے، انہوں نے بڑے
importance issue of deforestation کی طرف notice دلانے کی کوشش کی ہے۔ اب deforestation کا جو issue
ہے اس کے لیے انہوں نے percentage mention کی ہے کہ current percentage is 2.5% or it should be round

about, minimum 5% if I am not wrong. ان کے facts تو by witnessing ecological change معلوم ہوئے، اس کے ساتھ اس کا ایک اور indirect affect بھی میں ہاؤس کوبتانا چاہوں گا کہ جو water reservoirs ہوتے ہیں ان کے اندر over the span of certain time period siltation ہوتی ہے۔ جس میں مٹی اور ریت آ کر جمع ہوتی ہے۔ یہ ایک natural process ہے اور اس چیز نے ہونا ہی ہے لیکن deforestation سے یہ process speed up ہو جاتا ہے۔ ابھی جو تربیلا ڈیم کی capacity ہے which has been reduced to about 30% if I am not wrong. وہ with time اور بھی تیز ہو رہی ہےتو in about 50 years جو تربیلا ڈیم ہے اس کے علاوہ نئے ڈیمز ہمیں اس لیے بنانے پڑیں گے کہ ہم تربیلا کو replace کر سکیں کیونکہ ان کی مٹی نکالنے کا process بہت expensive ہوتا ہے اس لیے یہ بہتر ہوتا ہے کہ نئے ڈیمز بنائیں جائیں اس ساری چیز میں صرف ایک چیز کا فقدان ہے وہ ہے پلاننگ ہے۔ اگر proper planning ہو، forest industry بھی ہے، یہ utilize بھی ہو رہی ہے تو اس کے reforestation کا process بھی ساتھ ساتھ چلنا چاہیے لیکن افسوس کی بات ہے کہ timber mafia جو پاکستان میں active ہے، یہ generally حکومت کی اس بارے میں بے حسی ہے اس وجہ سے overall پورے پاکستان میں نقصان پہنچ رہا ہے short gains کے لیے long term gains کا نقصان کیا جا رہا ہے۔ اس کے لیے sense of realization and the planning procedure میں اس کی improvement بہت ضروری ہے کیونکہ یہ سارا feature پورے پاکستان میں ایک ہی طرح کا ہو گا، ابھی بھی جو اس سے gain کر رہے ہیں یا lose کر رہے ہیں at the end سارے net loss میں جائیں گے۔ یہ realization individual کے لیول پر بھی بہت ضروری ہے اور سٹیٹی لیول پر بھی بہت ضروری ہے کہ ہم اس سے آگے جا کر proper planning کے ساتھ اپنا forest area increase کریں۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: اب اپوزیشن سے کوئی بھی نہیں بولنا نہیں چاہے گا۔ جی محترمہ شاہانہ صاحبہ۔

محترمہ شاہانہ افسر: میں اس کا ایک چھوٹا سا solution point out کرنا چاہوں گی کہ جیسے کہ rural areas ہیں جہاں پر فصلیں ہوتی ہیں، یہ اکثر solution propose مختلف جگہوں پر کیا بھی جاتا ہے کہ اگر ہر بندہ جو اس کا اپنا کھیت ہے اس کے سائیڈ پر بنے ہوتے ہیں، کھیت کی فصل کی سائیڈ پر اگر وہ کچھ درخت لگا لیں تو نہ صرف اس کی فصل اچھی ہو گی بلکہ درختوں سے بھی فائدہ اٹھا لے گا جس سے فصل کو آکسیجن بھی ملے گی اور وہ اچھا ماحول بھی پیدا کریں گے۔ اگر ہم rural areas میں اس چیز کو promote کریں جیسے کہ ہشام صاحب نے کہا کہ individual effort بھی بہت count کرے گی۔ اس طرح اگر لوگ اپنے کھیتوں میں درخت لگانا شروع کریں تو نہ صرف environment بہتر ہو گی، اس سے profit بھی آئے گا اور آکسیجن کے حساب سے ان کی فصلیں بھی بہتر ہوں گی، environment بہتر ہو جائے گی اور لوگوں کی standard of life بھی بہتر ہو جائے گا۔ اس سے forestation بھی increase ہو جائے گی۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: محترم انعام اللہ مروت صاحب۔

Mr. Inamullah Marwat: Madam Speaker, first of all, I fully endorse this resolution putforward by Miss Hira Mumtaz. I think, we should know this aspect that we are living in a world which is very globalized. What is happening here in Pakistan will not affect us here in Pakistan; it will have sort of some global impacts. The issue which the world is facing at present like global warming is on the top place. Every State is aware of it. So, this issue is not something of national importance, it is something we are obliged to do, I mean that it of national importance because we are living in a world community. So, this world community is a sort of place, we need to care of about it. This issue should be carried Pakistan's needs, so government should address this issue, try to take such sort of measures that can stop deforestation. I would like to share one personal story. The village where I live that is Lucky Marwat. When we used to have a school at one point of time and when I was passing just 5th examination, there was a sort of Kanal over there and on both sides of that Kanal there were lot of trees. When you sleep at night there was a sort of sound coming like tuk, tuk, I mean would just come to that place and they would just cut those trees for whatever reason the people don't aware of about the importance of those trees which are catering the society. Sir, I mean realization should be made towards the public too that what sort of advantages that you are getting from such green environment, what they can give you nationally, what they can give you internationally, so based upon this, this issue needs to be addressed. Thank you.

Madam Speaker: Mohterma Nabeela Jaffar sahiba. Mohterman please keep your comments brief as we have a very short time.

Mohterma Nabeela Jaffar: Thank you madam Speaker

میرے خیال میں بہت سارے لوگوں نے اس پر بات کی ہے، میں صرف ایک point کی طرف توجہ دلانا چاہ رہی تھی کہ ہم اگر دنیا میں دیکھیں کہ ایسے ملکوں کی ہمارے پاس مثالیں ہیں ان کی development اسی طرح ensure ہوئی ہے کہ سب سے پہلے انہوں نے forest کی development کی طرف توجہ دی جیسے کہ ہم برازیل

کی مثال لے سکتے ہیں وہ under developed country تھی لیکن آج وہ سب سے fast developing countries میں ان کا نام آتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے environment protection پر کام کیا، انہوں نے forests بڑھائے، اس سے صرف یہ نہیں ہے کہ ہم ستمبر یا انڈسٹریز کو flourish کر رہے ہیں بلکہ ہم یہ ensure کر رہے ہیں کہ آگے آنے والی جو generation ہے ان کی protection کے لیے ہم کام کر رہے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جو UNO نے 25% or 24% of your area forest کے لیے رکھا ہوا ہے، آپ کی بہت ساری ضروریات اس سے پوری ہو جاتی ہیں اور میرے خیال میں international level پر ابھی جو debate environment کے اوپر ہو رہی ہے اس میں ایک responsible country کے طور پر کردار ادا کر سکتی ہے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: محترم جنید اشرف صاحب۔

محترم جنید اشرف: شکریہ۔ میں صرف ایک point add کرنا چاہ رہا تھا کہ ہم اگر northern areas میں ٹورزم کو promote کریں تو اس سے بھی آپ اپنے deforestation کے rate کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ شکریہ۔

Madam Speaker: So I put this resolution to the House moved by Mohtarma Hira Mumtaz sahiba.

(The resolution was carried)

Madam Speaker: Hence the resolution is carried. The House is adjourned till 2.30 pm.

[The House was adjourned till 2.30 pm]

[At 2:30 pm, the House was reassembled with Madam Speaker (Miss Aseela Shamim Haq) in the Chair]

Madam Speaker: Now we take Item No.11 on the agenda, Mohtarma Sonia Riaz sahiba would like to present the policy on Hepatitis-C.

Madam Sonia Riaz: Thank you madam speaker. Madam, before starting this report I want to say something. I am very thankful and I really want to appreciate leader of the Opposition Mr. Kashif for his nice gesture. Now I would say that he is not only Kashif actually he is 'the Kashif'.

After this I would start the report and want to say my heartfelt gratitude and I am really very honest and pleased to announce for the enthusiastic encouragement which I got from my honourable Prime Minister Mr. Rana Faisal Hayat.

میڈم سپیکر! یہ جو رپورٹ میں نے بنائی ہے .it is a report on hepatitis-B میں نے یہ رپورٹ یہ سوچ کر بنائی کہ ہم نے اپنے اس ایوان میں اور بہت سارے موضوعات پر بات کی۔ ہم نے discuss کیا اور ہم نے consider کیا کہ terrorism جو ہے وہ ہمارے ملک کا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ ہم نے consider کیا کہ energy crises ہمارے ملک کا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ ہم نے اس طرح کے اور بہت سارے issues پر بات کی کہ یہ سب issues ہمارے country کے لئےبڑے مسائل ہیں اور ان سب مسائل سے ہمیں اپنے آپ کو نکالنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میڈم سپیکر! ہمارے ہاؤس میں اگر بہت کم کام ہوا تو وہ ہمارے health issues پر ہوا اور health سے related ہمارے ملک کےdifferent problems ہیں وہ بھی ہمارے ملک کا ایک بڑا problem ہیں اور اس وقت جو existening issue ہے that is hepatitis-C اور Hepatitis-C کے بارےمیںWHO (World Health Organization)کی طرف سے پاکستان کو کہا گیا کہ پاکستان اس میں سیکنڈ آیا ہےاور اس کارنامے میں بھی پاکستان جو ہے سیکنڈ آیا ہے وہ top پر ہے۔ میں نے پورا data اس پر share کیا ہوا ہے اور پاکستان top پر اس لیے آیا ہے کیونکہ پاکستان میں Hepatitis C کے بہت سارے cases ہیں اور جو cases exist کر رہے ہیں وہ اور بہت سارے لوگوں کو infect کر رہے ہیں اور یہ چیز بڑھتی جا رہی ہے and this is really very alarming rise اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم اس issue کو address کریں as far as the disease is concerned, I am not concerned کہ میں آپ لوگوں کو بتاؤں کہ یہ کیا ہے اور یہ کیوں پھیلتی ہے whatever اس پر medicine کا بہت سارا literature بھرا پڑا ہے۔ اس کے اوپر رپورٹ بنانے کا مقصد یہ ہے کہ یہ بیماری جو پھیل رہی ہے اور پھیلتی جا رہی ہے اور یہ رک نہیں رہی ہے، اس پر ہماری گورنمنٹ کا failure ہے اور ہماری گورنمنٹ کی کیا weak polices ہیں جس کی وجہ سے یہ بیماری ہے یہ بڑھتی جا رہی ہے۔ گورنمنٹ نے اس کے اوپر کوشش کی کہ وہ polices بنائیں اور لیکن وہ جو polices تھیں شاید وہ ineffective تھیں اور وہ ایسی strategies نہیں بنا سکے جو کہ اس problem کا solution اورproblem کا حل ہوتی ہیں۔

میڈم سپیکر! ایک US base پاکستانی ڈاکٹر ہیں، ڈاکٹر فاروق علی خان، وہ پاکستان میں آئے اور hepatitis-C پر کافی عرصہ یہاں پر رہ کر search کی۔ ان کے views جو ہیں وہ میں آپ کے ساتھ share کرنا چاہوں گی۔ انہوں نے یہ کہا کہ پاکستان میں hepatitis-C جو ہے وہ اسی طرح سے بڑھتا رہا تو اگلے دس سالوں میں کیا ہو جائے گا، ابھی اس وقت جو existing cases ہیں وہ8.6 million population کےہیں جو hepatitis-C سے

متاثر ہیں اور اگلے دس سالوں میں جوpopulation ہے وہ triple ہو جا ئے گی اور یہ چیز بہت threateningہے there is a growing death threat in Pakistan for hepatitis-C اور hepatitis-C وہ صرف ایک بیماری نہیں ہے اس کے ساتھ ساتھ لوگ personal isolationمیں بھی چلے جاتے ہیں۔ ان لوگوں کو socially survive کرنا بھی مشکل ہو جاتا ہےکیونکہ وہ اپنے لیے تو مشکلات create کرتے ہی ہیں لیکن وہ لوگوں کے لئے بھی وبال جان بن جاتے ہیں اور لوگ ان سے avoid کرتے ہیںjust اس لیے کہ لوگوں کے اندر یہ بیماری نہ پھیلے تو بجائے ہم ان لوگوں کے ساتھ نفرت کرنے کے ہم اس کے لئے کوئی solution کیوں نہ بنائیں اور اس کے لئے کوئی حل کیوں نہ تلاش کریں۔ مزید میں اس رپورٹ میں لوگوں کو یہ بھی بتانا چاہتی ہوں کہ صرف so-called ان کے ساتھ نفرت کرنے سے کچھ نہیں ہو گا۔ ایسی کون سی باتیں ہیں اور ایسے کون سے points ہیں جہاں پر آپ نے لوگوں سے avoid کرنا ہے اور ایسی کون سی باتیں اور points ہیں جہاں پر آپ نے ان لوگوں کو avoid نہیں کرناہے۔

میڈم سپیکر! میرا اس رپورٹ میں most important point یہ ہے کہ میں آپ لوگوں کو prevalence rate بتاؤں کہ ہمارے پورے country میں اور کس کس صوبے میں کن کن districts میں actually خاص طور پر hepatitis-C کے cases جو ہیں بڑھتے جا رہے ہیں اور government کا failure جو ہے وہ کیسا ہے۔ اگر ہم پنجاب کی بات کریں تو پنجاب میں وہاڑی اور حافظ آباد، یہ دو ایسے districts ہیں جہاں پر hepatitis-C جو ہے وہ peak پر ہے اور اگر میں آپ کے ساتھ data share کروں تو اس data کے according بھی کچھ ایسا ہی ہے کہ پچھلے چند سالوں میں یہاں پر cases کم تھے لیکن after that یہاں پر casesزیادہ ہیں اور hepatitis-C ایک ایسی بیماری ہے جو کہ بہت جلد lever cancerمیں convert ہو جاتی ہے اور again Pakistan جو ہے وہ اس ranking میں آ رہا ہے کہ یہاں پر lever cancer کی ratio جو ہے وہ بہت زیادہ ہے۔

اگر ہم سندھ کی بات کریں تو سندھ میں اس کا prevalence rate جو ہے وہ 5% ہے اور سندھ کے دو districts ہیں جن میں گھوٹکی اور خیر پور یہاں پر hepatitis-C وہ بہت زیادہ ہے اگر ہم خیبر پختونخواہ کی بات کریں تو خیبر پختونخواہ میں سوات، پشاور اور پارہ چنار، یہ تین ایسے districts ہیں جہاں پر یہ بیماری peak پر ہے۔

اگر ہم بلوچستان کی بات کریں تو بلوچستان میں موسیٰ خیل اور جعفر آباد جو districts ہیں وہاں پر یہ بیماری peak پر ہے۔

میڈم سپیکر! میں نے اس رپورٹ میں further جو ہے وہ recent data share کیے ہیں اور جو different organizationہوتی ہیں جو بتاتی ہیں کہ کس کس شہر میں اور کس کس hospital میں کس حد تک یہ cases پائے جاتے ہیں۔

میڈم سپیکر! جو main issue ہے وہ اس کا یہ ہے کہ آپ پچھلی گورنمنٹ نے جو وزیر اعظم کا پروگرام تھا وزیر اعظم نے کہا کہ جناب hepatitis جو ہے وہ بڑا اہم مسئلہ بن گیا ہے تو ہم hepatitis control program شروع کرتے ہیں۔ انہوں نے اس پروگرام کا initiative بھی لیا اس پروگرام کو شروع بھی کیا اس کے لئے بہت سارا fund بھی مختص کیا لیکن کیا فائدہ ہوا اگر ہم اس کا feed back دیکھیں تو اس کے feed back میں بجائے cases کم ہونے کے cases زیادہ ہوئے ہیں، جو یہ show کرتا ہے کہ جو ہماری policy تھی اس پر وہ ٹھیک نہیں تھی اور اس کے اوپر کام ٹھیک نہیں ہوا۔

میڈم سپیکر! ہماری گورنمنٹ جہاں پر یہ کہتی ہےکہ بہت زیادہ بجٹ کا حصہ اس میںinvest ہوتا ہے یعنی وہ health department کو دیتے ہیں تو وہیں پر میں یہ بھی کہنا چاہوں گی کہ شاید جتنا بجٹ وہ health department کو دیتے ہیں اس سے زیادہ corruption health department میں ہی ہوتی ہے اور اس corruption کو تو to some extent cater کرنا مشکل بھی ہوتا ہے کیونکہ آپ کو جب لوگ ڈاکٹر یا انچارج یہی کہہ رہے ہیں کہ ہمیں medicines چاہیےاور آپ سے so-called وہ اس کے لئے sanction لیتے جا رہے ہیں اور آپ انہیں دیتے جا رہے ہو لیکن وہ اسے استعمال نہیں کر رہے ہیں تو پھریقینا یہ چیز problem create کرتی ہے۔

میڈم سپیکر! اگر ہم survey کریں اور دیکھیں کہ Hepatitis Control Program تھا کے ساتھ کیا ہوا، وہ وزیر اعظم تو چلے گئےلیکن اس کے بعد پھر کیا ہوا کہ جو Provincial Governments ہیں Hepatitis Control Program ان کے handover ہو گیااور وہاں پر جو بلوچستان کی صورت حال ہے وہ یہ کہ وہاں کے C.M صاحب ہر مہینے میں ایک مرتبہ ایک meeting تو ضرور arrange کرتے ہیں اور اس meeting میں ہسپتال میں Medical Superintendent کو بلایا جاتا ہے۔ کچھ لوگوں کی کمیٹی ہوتی ہے جو کہ بیٹھ کر یہ discuss کرتے ہیں کہ ہم اس مسئلے کو کیسے حل کریں لیکن وہ meeting ان کےاپنے personal interest کی وجہ سے ہی proceed نہیں ہوتی ہے اور اس کے بعد اب تک اس کے اوپر عمل نہیں ہو رہا۔ بلوچستان میں particularly کوئٹہ میں

Bolan Medical Complex and Hospital district کا سب سے بڑا hospital ہے اور اس hospital کی حالت یہ ہے کہ April سے وہاں پر hepatitis-C کے علاج کے لئے جو دوائیں استعمال ہوتی ہیں وہ کافی مہنگی دوا ہوتی ہے interferon اسے کہا جاتا ہے اور وہ available نہیں ہےاور April سے اب تک جو ہے وہ پانچویں مہینے کا وقت ہوتا ہے اور یہ پانچ، چھ مہینے جو ہیں وہ اور بہت سارے لوگوں کو بیمار کرنے کے لیے بہت ہوتے ہیں اس میں issue یہ ہے کہ جو نئے لوگ ہیں جن کو ہمpreventive measure کے لئے vaccination دیں وہ تو درکنار وہ لوگ جن کا already علاج چلا رہا تھا ان میں سے ایسے cases ہیں جو کو suppose اگر three doses ملنی ہیں تو first dose کے بعد ان کے پاس دوائی نہیں ہے۔ first dose کے بعد وہ مریض تھوڑے سے ٹھیک ہوئے یا second dose کے بعد وہ تھوڑے سے ٹھیک ہوئے لیکن اب جب پانچ مہینے سے دوائی نہیں ہے تو وہ بیماری ان کی پھر سے دوبارہ سے attack ہو گئی اور اس بیماری کی recurrence ہو گئی، اب وہ لوگ دوسرے لوگوں کو بیمار کر رہے ہیں ان کے گھر کے لوگ ان سے محفوظ نہیں ہیں۔ اگر in case ان کے اوپر کسی اور بیماری کا attack ہوتا ہے اور وہ لوگ ہسپتال میں admit ہوتے ہیں تو باقی مریض ان سے محفوظ نہیں ہیں کیونکہ وہاں پر وہ لوگ infect ہو سکتے ہیں۔ اگر ایسے مریضوں کی کوئی سرجری ہوتی ہے تو جو surgical instrument use ہوتے ہیں وہ instrument کو affect کر دیتے ہیں اور پھر ان instruments کی وجہ سے بھی اور بہت سارے لوگ جو ہیں وہ بیمار ہو جاتے ہیں۔ میں نے جب مزید اس چیز کو investigate کیا کہ ہمارے پاس اگر دوائیں نہیں ہیں تو کیوں نہیں ہیں تو ایک اور جو بڑا downfall تھا اور وہ یہ ہمارا ایک weak point تھا کہ جو ہماری authorities ہیں وہ جب medicines خریدتی ہیں تو وہ پیسے بچانے اور اپنا profit رکھنے کے لئے وہ poor quality کی medicines خرید رہی ہیں یہ بھی ایک issue ہے اور وہ poor quality کی medicine جو ہے وہ hepatitis-C کو ٹھیک ہی نہیں ہونے دے رہا بلکہ وہ اسے اور خراب کر رہا ہے اور وہ اسے اور بڑھا رہا ہے۔ This poor quality is also one of the causes of hepatitis-C یہ نہیں ہے کہ دوائیں نہیں ہے بلکہ یہ جو poor quality ہے یہ بھی ایک problem ہے hepatitis-C کو cause کرنے کا۔ دو دن پہلے بھی TV پر ایک خبر چل رہی تھی اور اس خبر میں سندھ کا جو سب سے بڑا hospital ہے اس کے بارے میں یہ رپورٹ تھی کہ پچھلے ایک مہینے سے وہاں پر hepatitis-C کی دوائیں ختم ہو چکی ہیں اور کوئی نہیں ہے جو اس کے اوپر کوئی عمل درآمد کرے اور وہ cases جو ہیں وہ بڑھتے جا رہے ہیں اور دوسرے لوگوں کو مزید infect کرتے جا رہے ہیں۔

میڈم سپیکر! اس چیز کو solve out کرنے کے لئے still Government نے اب تک hepatitis-C کو کنٹرول کرنے کے لئے لوگوں کے اندر بہت کم awareness cause کرنے کی کوشش کی ہے اور جو causes ہیں ان causes کو بھی اس کا حل دوائیں نہیں ہیں بلکہ ان causes کو بھی rule out کرنا جو ہے وہ ہمارا مسئلہ ہے اور ہمیں چاہیے ایک اور data ہے اور اس کے مطابق جو ہے وہ پاکستان میں ہر سال 2.4 billion syringes جو ہیں وہ استعمال ہوتی ہیں۔ پاکستان دنیا کے کچھ ان تین چار ممالک میں آتا ہے جہاں پر syringes کا استعمال بہت زیادہ ہوتا ہے۔ دنیا کے جو باقی ترقی یافتہ ممالک ہیں وہاں پر بہت حد تک کوشش کی جاتی ہے کہ کسی بھی مریض کو سرنج کے ساتھ وہ injection نہ لگایا جائے بلکہ انہیں oral tablets دی جائیں تاکہ وہ لوگ ٹھیک ہوں اور زیادہ سے زیادہ infection سے دور ہوں لیکن ہمارے ہاں کچھ ڈاکٹر اور وہ لوگ جو کہ ڈاکٹر نہیں ہیں جو paramedics ہیں وہ بھی malpractice کرتے ہیں اور malpractice میں گاؤں کے لوگوں کو خاص طور پر attract کرنے کے لیے اور پیسے کمانے کے لئے وہ ان کو یہ کہتے ہیں کہ اگر آپ injection لگائیں گے تو آپ جلدی ٹھیک ہو جائیں گےیا آپ drip لگائیں گے تو آپ جلدی ٹھیک ہو جائیں گے۔ اگرہم انہیں injection لگانے یا ہم انہیں drip لگانے سے نہیں روک سکتے تو at least ہم انہیں اس بات سے تو منع کر سکتے ہیں کہ وہ انہیں syringes کو دوبارہ استعمال نہ کریں اور وہ syringes disposable ہوں اور وہ دوبارہ سے لوگوں کو problems create نہ کریں۔ دوسری چیز جو کہ بڑی common ہے اور یہاں پر بھی لوگوں کو awareness دینے کی ضرورت ہے وہ یہ کہ لوگوں کو حتی الامکان یہ سمجھانے کی کوشش کی جائے کہ وہ خواہ مخواہ میں blood transfusion کی طرف نہ جائیں وہ خواہ مخواہ میں خون لگوانے کے لئے نہ جائیں اگر کسی کے ساتھ کوئی حادثہ یا مسئلہ ہوتا ہے تو ہمارے پاس ایسی authentic laboratories ہوں جہاں پر اُس blood کی complete screening ہو اس screening کے بعد ہمیں پتا چلے کہ یہ blood جو ہے یہ بالکل صاف ہے اس کا کوئی donor جو تھا وہ کوئی drug abuser نہیں تھاجس نے کچھ پیسے حاصل کرنے کے لیے اپنا خون بیچااور اس کا خون already infected تھا۔ یہ والی چیز جو ہے اس کے اوپر بھی خاص طور پر کوشش کرنی چاہیےاور یہی دو بہت major causes ہیں ہمارے ملک میں اس disease کو cause کرنے کے۔

میڈم سپیکر! اس کے علاوہ جو non-sterilized instruments ہیں، ہم دیکھتے ہیں کہ road side پر وہاں پر ایسے بہت سارے دندان ساز بیٹھے ہوتے ہیں چونکہ Dentist کا treatment جو ہے وہ کافی expensive ہوتا ہے اور وہ لوگ کافی فیس لیتے ہیں تو لوگوں کی کوشش definitely یہی ہو گی کہ وہ اس جگہ پر جائیں جہاں پر ان کے کم پیسے خرچ ہوں اور وہ جو road sides پر dentists وغیرہ ہیں وہ وہی instruments سب لوگوں پر استعمال کرتے ہیں تو یہ چیز بھی Hepatitis-C cause کرنے کا سبب بن رہی ہے۔ اس کا solution بھی Mam میں نے دیا ہے اور وہ solution یہ ہے کہ اس پر بھی still Government کو اپنے dentist section کو improve کرنا چاہیے۔ گورنمنٹ کو اپنے dental department کی OPDs کو زیادہ بڑھانا چاہیے اور وہاں پر sterilization proper کرانی چاہیے تاکہ لوگ وہاں پر ان کے پاس آئیں اور ٹھیک طریقے سے اپنا treatment کرا سکیں۔

میڈم سپیکر! اس کے علاوہ ear, nose piercing ہے وہ بھی hepatitis-C کو cause کرتی ہے۔ لوگوں کو ہم public service messaging میں ہم میڈیا کے تھرو بتا سکتے ہیں لوگ جو body tattering کراتے ہیں ان tattoos سے بھی cause ہوتا ہے hepatitis-C ہم لوگوں کو یہ والی چیز سمجھا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ shaving by the barbers یہ بھی ایک بہت اہم reason ہے hepatitis-C کے cause کا۔ ایک اور بہت اہم point جس پر گورنمنٹ کو پھر سے بہت توجہ دلانے کی ضرورت ہے اور وہ ہمارے environmental conditions ہیں۔ ان environmental conditions میں ہمارے وہ far flung areas جہاں پر لوگوں کو پانی کی سہولت میسر نہیں ہے اور لوگ جو ہیں وہ contaminated پانی استعمال کرتے ہیں۔ ہمارے ایسے گاؤں، دیہات اور صحرا ہیں جہاں پر لوگ بارش کا رکا ہوا پانی پیتے ہیں۔ ایسے تالابوں سے لوگ پانی پیتے ہیں جہاں پر جانور بھی اسی تالاب سے آ کرپانی پیتے ہیں اور لوگ بھی اسی تالاب سے آ کر پانی پیتے ہیں۔ لوگوں کی اس need کو پورا کرنا بڑا ضروری ہے۔ This is one of the major duties of the Government کہ وہ وہاں پر proper ان کے drinking water کا arrangement کرے۔ وہاں پر پانی کس طرح سے پہنچاتے ہیں اور کس طرح سے ان کو یہ والی facility دی جاتی ہے، یہ بھی گورنمنٹ کی ڈیوٹی ہے اور بڑا ضروری ہے کہ وہ اس چیز کے اوپر بھی بیٹھ کر سوچے۔

میڈم سپیکر! اس کے علاوہ proper disposable of hospital waste کہ جو hospital کا waste جو کہ already اتنا infected اور اتنا خراب ہوتا ہے اس کو اکثر باہر جا کر پھینک دیا جاتا ہے یا سڑکوں پر جا کر پھینک دیا جاتا ہے اور وہاں پر جو کچرا صاف کرنے والے بچے آتے ہیں۔ آج کل کراچی میں ایک اور بڑا business common ہوا ہوا ہے اور وہ یہ ہے کہ کچھ لوگ ایسے ہیں جو کہ hospital waste میں سے بچوں کو بھیجتے ہیں کہ وہاں سے وہ syringes collect کریں اور ان syringes کو لا کر انہیں دیں اور پھر وہ انہیں syringes کو recycle کر کے چونکہ انہیں وہ بہت سستی بھی پڑتی ہیں انہیں syringes کو recycle کر کے دوبارہ سے بیچتے ہیں تو یہ syringes بھی hepatitis-C کو cause کرنے کا بہت اہم role کرتی ہیں۔ نمبر ۱۔ ان بچوں کو جو کچرے میں سے syringes اُٹھا رہے ہیں کیونکہ وہ ان کو لگ جائیں تو وہ الگ سے بیمار اس کے علاوہ جب وہ ان کو recycle کرتے ہیں تو وہ اتنا properly sterilized نہیں ہوتی ہیں اور جب وہ نئے لوگوں کو جا کر لگتی ہیں تو still اس چیز کے اوپر بھی اس situation کو control کرنے کی بڑی سخت ضرورت ہے اور اس کا solution ایک جو مجھے نظر آتا ہے وہ یہی ہے کہ اس waste کو proper طریقے سے dispose off کیا جائے تا کہ پھر سے کوئی اس کو reuse نہ کر سکے۔ یہاں بچے وغیرہ اس کو لے جا کر استعمال نہ کر سکیں۔ اس ساری problem کی poverty بہت بڑی cause ہے۔ اس کے علاوہ lack of education ہے۔ جب ہمیں اس چیز کا پتا ہی نہیں اور ہم اس کے متعلق کسی کو بتا بھی نہ سکیں، awareness نہیں دیں گے تو لوگوں کو اس کے نقصانات کا کیا پتا چلے گا۔

میڈم سپیکر! بہت اہم اس بارے میں میری جو suggestion ہے وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ اس problem کو seriously لے۔ یہ گورنمنٹ کا ایک بہت بڑا flaw ہے کہ انہوں نے ایک پروگرام start بھی کیا ہے اور وہاں پر پانچ مہینے ہو گئے ہیں اور کہیں پر چھ مہینے بھی ہو گئے ہیں لیکن پروگرام کو کامیاب نہیں بنایا جا رہا۔ اگر شہر کے hepatitis centre کا یہ حال ہے تو جو centre peripheries میں ہیں ان کا وہاں کیا حال ہو گا شاید وہاں پر کوئی ڈاکٹر بھی موجود نہ ہو اور اس کے علاوہ وہاں پر کوئی عملہ بھی موجود نہ ہو۔ The thing is کہ گورنمنٹ کو چاہیے کہ چاہے وہ medicines expensive ہیں انہیں حاصل کریں کیوں کہ ہم نے اپنے لوگوں کی جان بچانی ہے۔ گورنمنٹ کو اس ضمن میں اور accountability بڑھانی چاہیے۔ وہ medicines and vaccination جلد provide کی جائیں۔ اگر ہم poor quality medicines خرید رہے ہیں which is a fact ہم اس چیز کو بھی overcome کریں اور poor quality medicines نہ خریدیں۔

میڈم سپیکر! میں نے آخر میں بہت ساری suggestions دی ہیں اور briefly I would explain some suggestions کہ ہم کیا کر سکتے ہیں۔ گورنمنٹ کو چاہیےکہ نیشنل بلڈ پالیسی بنائیں، اس کے ذریعے سے

laboratories پر check رکھا جائے۔ ہمارے ہاں بہت famous laboratories ہیں، آغا لیبارٹری کا نام بہت famous ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ اس کے جتنے results authentic ہو سکتے ہیں وہ کسی اور کے نہیں ہو سکتے۔ ہم ان کی supervision میں بھی کوئی blood bank ہر شہر کے اندر launch کر سکتے ہیں اور اگر لوگوں کو بلڈ چاہیے تو وہ بلڈ لے سکیں۔

میری یہ بھی تجویز ہے کہ curriculum میں بھی جو basic کچھ diseases ہوتی ہیں ان کے بارے میں لوگوں کو صفائی hygiene کے بارے میں لوگوں اور بچوں کو guide کیا جائے اور بتایا جائے کہ یہ سب چیزیں ہمارے لیے کتنی important ہیں اور ہماری basic vaccination ہوتی ہے جو expanded program of immunization کے تحت ہوتی ہے وہ ابھی بھی ہمارے ملک میں اتنی illiteracy ہے بہت سارے لوگ اپنے بچوں کو basic vaccination نہیں دیتے، بہت سارے لوگ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے نہیں پلاتے، گورنمنٹ کا یہ بہت اچھا initiative ہے کہ انہوں نے hepatitis-C کی immunization میں vaccination start کی ہے لیکن ابھی بھی بہت سارے لوگ اس چیز کی طرف نہیں جا رہے تو اس بات کی ضرورت ہے کہ لوگوں کو اس چیز کے بارے میں aware کیا جائے اور انہیں اس چیز کے بارے میں مزید بتایا جائے اور مزید awareness campaigns arrange کرنے کی ضرورت ہے۔ لوگوں کو یہ بھی آگاہ کرنے کی ضرورت ہے کہ وہ اپنی چیزیں لوگوں کے ساتھ share نہ کریں-This is something very important اور unpasteurized جو dairy projects ہیں وہ بھی use نہ کریں-This is also very important اور particularly hygiene کو لوگوں کے درمیان promote کیا جائے اور لوگوں کو ان کے rights کے بارے میں بتایا جائے کیوں کہ جب بھی کوئی شخص اپنے rights کے بارے میں بات کرے گا، ایک بندہ بات کرے گا یا دو بندے بات کریں گے تو تیسری دفعہ ان کا right ضرور fulfill ہو گا یا کوئی تو ہو گا جو ان کی بات سنے گا۔ بہت شکریہ۔

Madam Speaker: Thank you. Yes, Mr. Ali Hamayyun sahib.

Mr. Ali Hamayyun: Thank you Madam Speaker. I have to say ‘well done’ Sonia for presenting such important comments. She included all my core and key points. Again I have to say that this is such an important issue of Pakistan which is taking Pakistan by storm and it is so shocking that we spent so much money on food items on places like Centaurus, Papasalas and big cars that we are failed to get a routing check up by a doctor. I want to congratulate the entire House and specially honourable Deputy Speaker on giving time on such an important issue. We should get ourselves routinely checked up and specially dental check up from Karachi. Thank you.

Madam Deputy Speaker: Mr. Motsim Billah sahib.

Mr. Motism Billah: Thank you. It is a great work done by Miss Sonia
انہوں نے اپنی رپورٹ میں Hepatitis E کے بارے میں لکھا ہے۔ وہ اس ایوان کو بتائیں کہ Hepatitis C and E میں کیا فرق ہے؟

مس سونیا ریاض: میڈم سپیکر! میں نے اس رپورٹ میں each and everything explain کر دی ہے۔ میں نے بہت سی تجاویز کو مختصر کیا۔ جب آپ لوگ اس کو پڑھیں گے تو آپ کو سب سوالوں کے جواب مل جائیں گے۔ میں نے اس میں یہ بھی mention کیا ہے کہ آپ after every three months check up کرائیں۔ اس میں clearly explain کیا ہے کہ Hepatitis کی دو main diseases ہیں۔ ویسے تو اور بھی بہت ساری ہیں۔ Hepatitis A, B, C, D and E بھی آ چکا ہے۔ Hepatitis B is just a miner infection. Hepatitis B کسی کو بھی ہو سکتا ہے اور وہ anti bodies کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے کہ اس کی body immunity خراب ہو جائے اور اتنی مدافعت نہ ہو کہ باہر سے infections لے سکے۔ Hepatitis C actually Hepatitis B کے بہت دیر تک رہنے اور نہ ہونے کی وجہ سے Hepatitis C میں convert ہو جاتا ہے and that is the chronic phase. پھر Hepatitis C والے مریض کی وجہ سے ہسپتالوں کے سٹاف کو انجیکشن وغیرہ لگانے، ان کے خون استعمال کرنے یا ان کی body secretion سے دوسرے لوگوں کو اس کا infection ہو سکتا ہے۔ میں اس میں ایک اور تجویز دی ہے کہ وہ تین ماہ کے routine check up کے دوران blood کی routine investigations ہوتی ہیں تو وہ Hepatitis B and C check کروائے۔ اگر وہ positive or negative اور اس میں اہم چیز Hepatitis B ہوتا ہے اور یہ negative ہے تو وہ فوراً حکومت کے launch کردہ پروگرام میں اپنی free vaccination کروائے۔ اس کی three doses ملتی ہیں اور اس کے بعد اس کی body immune ہو جاتی ہے۔ Hepatitis B is preventable یہ vaccination سے control ہو سکتا ہے لیکن Hepatitis C کے لیے کوئی vaccination نہیں ہے، اس کے لیے صرف prevention ہی ہے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترم قائد حزب اختلاف۔

جناب کاشف علی: شکریہ، میڈم سپیکر۔

I am grateful to Miss Sonia Riaz for bringing such a policy on a subject and I think most of us don't know about that.

میں نے ان کی پہلی پالیسی بھی پڑھی تھی اور وہ بہت comprehensive and well defined policy تھی I am grateful for all these services that she has rendered through this platform. On the subject of Hepatitis, I have a general overview کہ یہ ایک بڑا سنگین مسئلہ ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ مسئلہ یہ ہے کہ یہ بہت prevalent ہے اور immunization دیکھ لیں، پولیو کی بات کریں تو مسئلہ یہ ہے کہ Pakistan has failed to meet the coverage, timeliness and failed to control the prevalent trends. After the 18th Amendment health is no more Federal subject and there is positive contribution towards that اور جب سے health provincial subject ہوا ہے کافی بجٹ وغیرہ لگ رہا ہے۔ اب Hepatitis vaccine basic vaccinization packet میں آ گئی ہے جس طرح سے OPC, OPV and PCV for Polio مگر میرا ایک سوال ہے کہ اس ملک میں vaccinization کے سلسلے میں ایک بڑی رقم خرچ کی جا رہی ہے and that amount is being spent by the international donor organizations like WHO, UNICEF and all that. The government has also engaged a lot after the provincialisation of the subject مگر اس کے باوجود یہ prevalent trend ہے تو کیا challenge ہے؟ Positive indication is that Pakistan is going to achieve which is one of the millennium development goal by 2015 but the trends are not increasing as much as money that we are spending. So what is the challenge that I want to understand.

Madam Deputy Speaker: Sonia Riaz sahiba.

Miss Sonia Riaz: I would love to answer them.

